☆☆☆☆☆ Rwp-12-1-23

**H.S.S.C (Part-II) A/2023**

**(For all Sessions)**

| Paper Code | 8 | 0 | 2 | 7 |
|---|---|---|---|---|

Roll No __________ to be filled in by the candidate

اُردو لازمی (معروضی) — گروپ I — وقت: 30منٹ — نمبر: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C,D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر درست جواب کا انتخاب کرتے ہوئے متعلقہ دائرے میں پین یا مارکر سے فلنگ کریں۔

**(الف) درست جواب کی نشاندہی کیجیے۔**

1-1 محنت پسند خردمند ---------- کا شاگرد ہے۔

(A) خسرو آرام (B) محمد حسین آزاد (C) اُمید (D) کمال

-2 مولانا ظفر علی خان کے اخبار کا نام ------ تھا۔

(A) نئی دنیا (B) نوائے وقت (C) زمیندار (D) سرمایۂ اُردو

-3 مولوی صاحب کو اپنی تمام کتابوں میں ------ ہی پسند تھا۔

(A) ترجمہ تیسیر (B) ترجمۃ القرآن (C) ابن الوقت (D) مرآۃ العروس

-4 علامہ ابن جوزی ------- تھے۔

(A) معلم (B) مبلّغ (C) محدث (D) مجدد

-5 نواب محسن الملک کی ایک ہی تصنیف ہے جو ------ ہے۔

(A) خالص سیاسی (B) خالص مذہبی (C) خالص ادبی (D) خالص شاعری

**(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کریں۔**

-6 معماروں نے مکان، پُل اور دکان ---------------

(A) بنایا (B) بنائی (C) بنائیں (D) بنائے

-7 ہم نے کشمیر کے پانیوں کو ---------- پایا۔

(A) ٹھنڈا (B) ٹھنڈے (C) ٹھنڈی (D) ٹھنڈیں

-8 ---------- میں مصروف ہوں اس لیے نہیں جاؤں گا۔

(A) لیکن (B) جب کہ (C) کیوں کہ (D) چوں کہ

-9 لڑکیوں نے کہا ہم ---------------

(A) جائے گی (B) جائیں گی (C) جائیں گے (D) جائے گا

-10 قلم کتاب یہاں ---------------

(A) رکھی ہے (B) رکھا ہے (C) رکھے ہیں (D) رکھیں ہیں

**(ج) درست رموزِ اوقاف کا انتخاب کیجیے۔**

-11 وقفہ سے مراد ہے:

(A) رابطہ سے زیادہ ٹھہرنا (B) مکمل ٹھہرنا (C) ختمہ سے کم ٹھہرنا (D) سکتہ سے زیادہ ٹھہرنا

-12 کسی کا قول نقل کرنا ہو تو علامت استعمال کرتے ہیں:

(A) واوین کی (B) قوسین کی (C) خط کی (D) رابطہ کی

-13 اگر فقرے میں حیرت کا اظہار ہو تو آخر پر علامت استعمال ہوتی ہے:

(A) خط (B) ختمہ (C) علامتِ ترک (D) استعجابیہ

-14 "علامہ اقبال فرماتے ہیں" اس فقرے کے آخر پر علامت آئے گی۔

(A) ختمہ (B) رابطہ (C) وقفہ (D) سکتہ

-15 دعائیہ فقرات کے لیے علامت استعمال کی جاتی ہے۔

(A) ؟ (B) :- (C) ! (D) ؛

**(د) درست امدادی افعال کا انتخاب کیجیے۔**

-16 سکنا:

(A) میں موبائل خرید سکتا ہوں (B) ڈرائیور سیکتے میں آگیا (C) اپنا سکہ بنا دو (D) یہ سکتہ کی علامت ہے

-17 بیٹھنا:

(A) گلا بیٹھ گیا (B) تم یہاں بیٹھنا (C) خاموشی سے بیٹھے رہو (D) سرمد عزت گنوا بیٹھا

-18 چاہنا:

(A) تمھیں کتاب پڑھنی چاہیے (B) تم کیا چاہتے ہو (C) کرسی پر بیٹھو چاہے صوفے پر (D) میں نے ایسا نہیں چاہا تھا

-19 ڈالنا:

(A) چائے میں چینی ڈال دو (B) چائے میں چینی ڈالو (C) تیرے وعدوں نے مار ڈالا (D) پانی ڈال دیا ہے

-20 آنا:

(A) راشد آتا ہو گا (B) لڑکے پیغام دے آئے (C) تمھیں کالج آنا چاہیے (D) گاڑی آگئی ہے



www.taleem360.com

H.S.S.C. (Part-II) A / 2023

Roll No __________ to be filled in by the candidate (For all Sessions)

Rwp-12-1-23 گروپ – I

اردو لازمی (انشائیہ)

وقت: 2:30 گھنٹے نمبر: 80

حصہ اول

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (1+1+8=10)

یہ پہلا سبق تھا کتابِ ہُدیٰ کا وہی دوست ہے خالقِ دوسرا کا

کہ ہے ساری مخلوق کنبہ خدا کا خلائق سے ہے جس کو رشتہ وِلا کا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے۔ اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (1+3+3+3=10)

اُداسی، بے دِلی، آشفتہ حالی میں کمی کب تھی علائق سے ہوں بیگانہ و لیکن اے دلِ غمگیں

ہماری زندگی یارو ہماری زندگی کب تھی تجھے کچھ یاد تو ہو گا کسی سے دوستی کب تھی

حیاتِ چند روزہ بھی حیاتِ جاوداں نکلی

جو کام آئی جہاں کے وہ متاعِ عارضی کب تھی

حصہ دوم

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح بحوالہ سیاق و سباق کیجیے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10+3+1+1=15)

(الف) قادسیہ کی جنگ میں ایرانیوں کو اپنے زبردست لشکر کے باوجود ایسی شکست ہوئی کہ انھوں نے اپنی طاقت سے زیادہ رستم کی شخصیت سے اُمیدیں وابستہ کیں۔ رستم مارا گیا تو مٹھی بھر جماعت کے مقابلے سے بھاگ نکلے لیکن اس کے برعکس مسلمانوں کے سپہ سالار سعد بن وقاص گھوڑے پر چڑھنے کے قابل نہ تھے اور انھیں میدان سے الگ ایک طرف بیٹھنا پڑا۔ لیکن مسلمانوں کی خود اعتمادی کا یہ عالم تھا کہ انھیں اپنے سپہ سالار کی عدم موجودگی کا احساس تک بھی نہ تھا۔

(ب) بہت زمانے تک مواصلات یا پیغام رسانی کا کام کبوتروں سے بھی کیا گیا۔ خط اُس کی گردن یا اُس کے بازو میں باندھ دیا جاتا اور وہ اُسے منزلِ مقصود پر پہنچا دیتا۔ اُن کے ذریعے سے سینکڑوں سال تک پیغام رسانی ہوئی۔ اُنھیں پہلی بار کس نے استعمال کیا۔ اس کا تو علم نہیں مگر یہ بات تاریخ کی کتابوں میں بہ کثرت موجود ہے کہ مسلمان حکمرانوں نے انھیں پورے بلادِ اسلامیہ میں استعمال کیا ہے۔ شام، عراق، مصر اور ایران وغیرہ میں۔ ہندوستان کے مغل فرماں روا جہانگیر نے بھی اس کام کے لیے کبوتر پال رکھے تھے۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے، مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (9+1= 10)

(الف) پہلی فتح (ب) ہوائی

5۔ حفیظ تائب کی نظم "نعت" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (05)

6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(i) ماحولیاتی آلودگی (ii) عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی (iii) اتحادِ عالمِ اسلام

7۔ دوست کے نام خط لکھ کر ایک تاریخی مقام کی سیر کا احوال بیان کیجیے۔ (10)



R

www.taleem360.com

Roll No ____________ to be filled in by the candidate (For all Sessions) Paper Code | 8 | 0 | 2 | 4 |

اردو لازمی (معروضی) گروپ — II وقت: 30 منٹ نمبر: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات D,C,B,A دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر درست جواب کا انتخاب کرتے ہوئے متعلقہ دائرے میں پین یا مارکر سے فلنگ کریں۔

Rwp-12-2-23

(الف) درست جواب کی نشاندہی کیجیے۔

1-1 مکران کے گورنر کا نام ---- تھا۔
(A) علی موسیٰ (B) راجہ داہر (C) محمد بن ہارون (D) محمد بن یوسف

2- نہرو رپورٹ پیش ہوئی:
(A) 1928 (B) 1930 (C) 1932 (D) 1934

3- ٹیلی گرافی کس نے ایجاد کی؟
(A) مارکونی (B) فلیمنگ (C) فنلے مورس (D) ہرٹز

4- غیور جنگ کا خطاب کسے تجویز ہوا؟
(A) مولانا ظفر علی خاں (B) مولوی نذیر احمد (C) مولانا حالی (D) محسن الملک

5- "کسی مرے ہوئے گورے کی یاد گار ہے یہ" کس شاعر کا مصرع ہے؟
(A) ابن انشا (B) انور مسعود (C) سید ضمیر جعفری (D) سید محمد جعفری

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کریں۔

6- جوں جوں دوا کی ---- مرض بڑھتا گیا۔
(A) تو (B) اگرچہ (C) توں توں (D) لیکن

7- صبح خیزی میرا معمول ----
(A) تھی (B) تھا (C) تھے (D) رہی

8- کامیابی اور ناکامی اللہ کے ہاتھ میں ----
(A) ہوتی ہے (B) ہوتا ہے (C) ہوتی ہیں (D) ہوتے ہیں

9- عمیر نے یہ امر تجویز ----
(A) کیا (B) کی (C) کیے (D) کیں

10- وہ گھر نہ گیا ---- کالج چلا گیا۔
(A) کیونکہ (B) بلکہ (C) (D) اس لیے

(ج) درست رموزِ اوقاف کا انتخاب کیجیے۔

11- وقفِ لازم کا دوسرا نام ہے:
(A) وقفِ نصف (B) سکتہ (C) وقفہ (D) رابطہ

12- استعجابیہ کی علامت ہے:
(A) : (B) ! (C) ، (D) :-

13- کسی شخص کے قول کے دونوں طرف علامت استعمال ہوتی ہے:
(A) سکتہ (B) ندائیہ (C) واوین (D) قوسین

14- تم کب آؤ گے ---- درست علامت کی نشاندہی کریں۔
(A) ! (B) — (C) : (D) ؟

15- وقفہ کی علامت ہے:
(A) ! (B) — (C) : (D) ؛

(د) درست امدادی افعال کا انتخاب کیجیے۔

16- پڑنا:
(A) وہ میرے پاؤں پڑ گیا (B) وہ بستر پر پڑا رہا (C) آپ اس جھگڑے میں نہ پڑیں (D) وہ مجھ سے الجھ پڑا

17- ڈالنا:
(A) آگ پر پانی ڈالو (B) صنم نے مار ڈالا (C) بات پر مٹی ڈالو (D) کنویں میں ڈول ڈالو

18- لگنا:
(A) میں کیسا لگ رہا ہوں (B) وہ تمہارا کیا لگتا ہے (C) تیر نشانے پر جا لگا (D) میں جاگ کے رہوں گا

19- کرنا:
(A) تم نے کچھ نہیں کرنا (B) حسد نہ کرو (C) کوئی ڈھنگ کا کام کرو (D) مجھ سے روز ملا کرو

20- ہونا:
(A) اسے کرونا ہو گیا (B) اس نے بنک سے قرضہ لیا ہوا ہے (C) میاں! ایسا ہی ہوتا ہے (D) شام ہو گئی ہے



www.taleem360.com

H.S.S.C. (Part-II) A / 2023

(For All Sessions)

Roll No ________ to be filled in by the candidate

گروپ - II

Rwp-12-2-23

## اردو لازمی (انشائیہ)

وقت: 2:30 گھنٹے — نمبر: 80

### حصہ اول

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (1+1+8=10)

شمس و قمر کو ضد ہے کہ گرم سفر رہیں
بے رنگیوں میں خالق شام و سحر رہیں

شہروں میں انقلاب، بیاباں میں انقلاب
محفل میں انقلاب، شبستاں میں انقلاب

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (1+3+3+3=10)

نازک مزاج تھا میں، بہت اس چمن کے بیچ
جب تک رہا تو خندۂ گل سے حزیں رہا

آخر کو ہو کے لالہ اُگا نو بہار میں
خونِ شہیدِ عشق نہ زیر زمیں رہا

ہر دم جو دیکھتا ہوں تو پہلو میں دل نہیں
بیٹھا تھا اس کے پاس، مرا دل وہیں رہا

### حصہ دوم

3۔ کسی ایک جزو کی سیاق و سباق کے حوالے سے تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (10+3+1+1=15)

(الف) وہ جوہر قابل تھے مگر موقعے کی تاک میں تھے۔ حیدر آباد میں ان کی سیاست دانی، تدبر، انتظامی قابلیت کے جوہر کھلے ان کا ذہن ایسا رسا، ان کی طبیعت ایسی حاضر، ان کے اوسان ایسے بجا اور معاملات اور واقعات پر ایسا عبور تھا کہ بڑے بڑے پیچیدہ معاملات کو باتوں باتوں میں سلجھا دیتے تھے۔ وہ اگر ٹرکی یا کسی اور سلطنت کے فارن منسٹر ہوتے تو یقیناً دنیا میں بڑا نام پیدا کرتے، بڑے بڑے مدبر ان کا لوہا مان گئے تھے۔

(ب) ہم نے اکثر شاعروں کو دیکھا ہے کہ شعر کہنا چاہتے ہیں تو شفاالملک حکیم فقیر محمد صاحب چشتی سے رجوع کرتے ہیں اور ہفتہ بھر کا مسہل لے لیتے ہیں اور پھر فی یوم ایک شعر کے حساب سے کہتے چلے جاتے ہیں، یہ نہیں کرتے تو بیوی کو پیٹتے ہیں یا اس سے پٹتے ہیں، بچوں کو جھڑکتے ہیں، ذرا گھر میں شور ہوا اور وہ سر کے بال نوچنے لگے۔ "ہائے عنقائے مضمون دام میں آ کے چلا گیا۔ کم بختو! ملعونو! تمھارے شور نے اسے اُڑا دیا"۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ اور مصنف کا نام لکھیے۔ (9+1= 10)

(الف) پہلی فتح (ب) مولوی نذیر احمد دہلوی

5۔ احسان دانش کی نظم "تغیّر" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (05)

6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(i) میرا نصب العین (ii) شجر کاری کی ضرورت و اہمیت (iii) قومی اتحاد

7۔ اخبار کے مُدیر کے نام خط لکھ کر ماحولیاتی آلودگی کی روک تھام کے لیے تجاویز لکھیے۔ (10)



R

www.taleem360.com